سوال

(87) میں حج کو گیا، مگر افسوس وہاں میرا طواف افاضہ نہ ہوسکا   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں حج کو گیا، مگر افسوس وہاں میرا طواف افاضہ نہ ہوسکا اور پاکستان آگیا، میرا حج ہوا یا نہ اور اس کا تدارک کیا ہے،.بیمار ہوں، غریب ہوں۔ (عبدالقادر سرائے سدھوملتان)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یوم عرفات کے بعد طواف افاضہ بے حد ضروری ہے اور حج کا ضروری رکن ہے، طواف افاضہ رہ جانے سے حج مکمل نہیں ہوسکتا، دوبارہ حج کرنا پڑے گا، انتظام ہونے تک خدا سے معافی مانگتے رہیں۔ (ماہنامہ قوانین فطرت جلد ۶ شمارہ ۱۲ ص ۱۳)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 08 ص 107

محدث فتویٰ